رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں آپ کے قربانی کے اونٹوں کی نگرانی کروں اور ان کے گوشت، کھالوں اور جھولوں کو صدقہ کروں، نیز ان میں سے قصاب کو بطور اجرت کچھ بھی نہ دوں

علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں آپ کے قربانی کے اونٹوں کی نگرانی کروں اور ان کے گوشت، کھالوں اور جھولوں کو صدقہ کروں، نیز ان میں سے قصاب کو بطور اجرت کچھ بھی نہ دوں

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی کریم ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر مکہ کی طرف چلے تو قربانی کے جانور ساتھ تھے (اسی موقعہ پر) علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ یمن سے آئے ان کے ساتھ بھی قربانی کے جانور تھے چوں کہ یہ فقرا اور مساکین کے لیے صدقہ تھے، اس لیے قربانی کرنے والے کو اس میں تصرف کرنے یا اس میں سے کچھ بطور معاوضہ دینے کا حق حاصل نہیں تھا چنانچہ آپ نے انھیں ذبح کرنے والے کو بطور معاوضہ اس میں سے کچھ دینے سے منع فرمایا بلکہ بطور اجرت گوشت، کھال اورجھول کے علاوہ کوئی دوسری چیز دی جائے گی

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3065